11301-اللہ تعالی کے اسم "الحیی" کا معنی۔

سوال

اللہ تعالی کے اسم " الحیی "کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کو حیاء کے وصف سے متصف کیا ہے ، اللہ تعالی کی حیاء کا فہم ادراک نہیں کر سکتی اور نہ ہی عقلیں اس کی کیفیت تک پہنچ سکتی ہیں ، اللہ سبحانہ وتعالی حیاء والا کرم وجود اور جلال کا مالک ہے ، اللہ تبارک وتعالی اپنے حلم وکرم اور رحمت وکمال اور کرم کی بنا پر اپنے بندے کی ہتک اور اسے ذلیل کرنے سے حیاء کرتا ہے ، اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی اس شخص کے ہاتھوں کو جو اس کی طرف پھیلاتا ہے خالی لوٹانے سے حیاء کرتا ہے ، اور اللہ سبحانہ وتعالی حیاء کرنے والوں سے محبت کرتا ہے ۔

ابن قیم رحمہ اللہ تعالی کا قول ہے :

وہ اللہ عزوجل حیاء والا ہے کہ اپنے بندے کو علانیہ گناہ کرنے پر بھی بے عزت نہیں کرتا ، لیکن اس کی پردہ پوشی کرتا ہے اس لئے کہ وہ پردہ پوشی کرنے والا (ستیر) اور گناہوں کو بخشنے والا ہے ۔ .